# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سر ٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسلام اور سائنس(1920) سمسٹر: خزاں2026

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین(Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یاPDFفارمیٹ) میں LMSپر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ سائنس کا لغوی و اصطلاحی مفہوم تحریر کریں، اور سائنسی طرزِ فکر (Scientific Temperament) پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ سائنس کے تاریخی ارتقاء کا جائزہ لیں، اور مذہب اور سائنس کے باہمی تعلق کو واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اسلامی تعلیمات نے سائنسی تحقیق و جستجو کو کس طرح فروغ دیا ہے؟ سائنسی تحقیق کے اسلامی محرکات پر ایک نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ قرآنی آیات کی روشنی میں کائنات پر تعقل اور تدبر کرنے کی اہمیت پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سائنس کی روشنی میں زندگی کی ابتدا کے مختلف نظریات (جیسے نظریہ ارتقاء اور دیگر) پر ایک تحقیقی نوٹ لکھیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ قرآن مجید میں بیان کردہ "ایامِ ستہ" (چھ دنوں) کی جدید سائنسی اور فلکیاتی نظریات کی روشنی میں تشریح کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ علم جراحت اور علم کیمیا کی تعریفیں بیان کریں، اور خاص طور پر علم کیمیا کے شعبے میں مسلمان سائنسدانوں کی گراں قدر خدمات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ امت مسلمہ کے علمی و فکری زوال کے بنیادی اسباب کی نشاندہی کریں، نیز اس زوال کے سدباب کے لیے ممکنہ اقدامات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ علم فلکیات (Astronomy) کی تعریف کریں اور اس شعبے میں مسلمان سائنسدانوں کے نمایاں کارناموں کو تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ وقوعِ قیامت پر سائنسی نقطۂ نظر سے بحث کریں اور اس کے ممکنہ فلکیاتی اور ارضیاتی شواہد پر ایک نوٹ لکھیں۔ (20)